CAREERINDIA

**Series : TYM/C**

**SET-4**

**Code No. 5B**

**Roll No.** | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- Please check that this question paper contains **12** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **17** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**
- 15 Minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the student will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

www.careerindia.com

# اُردو (کورس B)

# URDU (Course B)

وقت : 3، گھنٹے　　　　　　　　　　　　　　　　　　کُل نمبر : 80

*Time allowed : 3 hours]*　　　　　　　　　　　　　　　　　　*[Maximum marks : 80*

## حصّہ - الف

1. درج ذیل (غیر درسی) عبارت کوغور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے : **5**

سید حیدر بخش حیدری دلی کے رہنے والے اور سید ابوالحسن کے بیٹے تھے۔ بزرگوں کا وطن نجف اشرف تھا۔ سید ابوالحسن نے دلی کو خیر باد کہہ کر بنارس میں سکونت اختیار کرلی تھی۔ حیدر کی نشوونما بنارس میں ہوئی۔ فورٹ ولیم کالج کی عملی قدردانی کا حال سن کر حیدری نے ایک کتاب لکھی اور اس کو ڈاکٹر گل کرسٹ کی خدمت پیش کیا۔ ڈاکٹر صاحب نے اس کتاب کو بہت پسند کیا اور حیدری کو فوراً بلاکر منشی کی جگہ دی۔ حیدری نے اپنے فرائض نہایت خوبی

CAREERINDIA

سے انجام دیے اور ایک بڑا کارنامہ اپنی یاد میں چھوڑا - قصہ لیلیٰ مجنوں - امیر خسرو کی مثنوی کا اردو ترجمہ - طوطا کہانی - یہ قصوں کی کتاب ہے، اصل کتاب سنسکرت میں ہے جس کا فارسی میں بھی ترجمہ ہوا تھا اور اسی سے حیدری نے اردو میں ترجمہ کیا۔ آرائش محفل یہ قصہ حاتم طائی کا ترجمہ ہے۔ حیدری نے اس کی زبان نہایت سادہ اور آسان رکھی ہے۔ ان کے علاوہ سید حیدر بخش حیدری نے اور کئی کتابوں کے ترجمے کئے۔ حیدری کا انتقال 1823ء میں ہوا۔

(i) سید حیدر بخش حیدری کہاں کے رہنے والے تھے ؟

(a) ممبئ
(b) دلی
(c) لکھنؤ
(d) بنارس

(ii) سید حیدر بخش حیدری کے والد کا نام کیا تھا ؟

(a) سید حسنین
(b) سید احمد
(c) سید ابوالحسن
(d) سید رحمت حسن

(iii) حیدری نے اپنی کتاب کس کی خدمت میں پیش کی ؟

(a) میر امن
(b) شیر علی افسوس
(c) ڈاکٹر گل کرسٹ
(d) مرزا غالب

(iv) حیدری نے امیر خسرو کی مثنوی کا اردو میں ترجمہ کیا وہ ہے ________

(a) آرائش محفل
(b) تاریخ نادری
(c) طوطا کہانی
(d) قصۂ لیلیٰ مجنوں

(v) سید ابوالحسن نے دلی کو خیر باد کہہ کر کہاں سکونت اختیار کر لی تھی ؟

(a) بنارس میں
(b) لکھنؤ میں
(c) علی گڑھ میں
(d) ہریانہ میں

www.careerindia.com

CAREERINDIA

2. درج ذیل (غیر درسی) شعری حصے کو پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے : 5

راستے میں رک کے دم لوں، میری عادت نہیں
لوٹ کر واپس چلا جاؤں، میری فطرت نہیں
اور کوئی ہم نوا مل جائے، یہ قسمت نہیں
اے غم دل کیا کروں ؟ اے وحشت دل کیا کروں

منتظر ہے ایک طوفان بلا میرے لئے
اب بھی جانے کتنے دروازے ہیں وا میرے لئے
پر، مصیبت ہے مرا عہد وفا میرے لئے
اے غم دل کیا کروں ؟ اے وحشت دل کیا کروں

جی میں آتا ہے کہ اب عہد وفا بھی توڑ دوں
ان کو پا سکتا ہوں میں، یہ آسرا بھی چھوڑ دوں
ہاں، مناسب ہے، یہ زنجیر ہوا بھی توڑ دوں
اے غم دل کیا کروں ؟ اے وحشت دل کیا کروں

(i) شاعر کس بات کے لیے کہہ رہا ہے کہ میری فطرت نہیں ؟

(a) راستے میں رک کے دم لے لوں
(b) لوٹ کر واپس چلا جاؤں
(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں
(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

(ii) شاعر کے لیے کون منتظر ہے ؟

(a) طوفان بلا
(b) پیارا دوست
(c) چھوٹا بھائی
(d) پیاری ماں

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(iii) شاعر کے دل میں کیا توڑنے کا خیال آتا ہے؟

(a) گاڑی کا شیشہ (b) گھر کا دروازہ

(c) عہد وفا (d) اوپر کے تینوں صحیح ہیں

(iv) شاعر کس سے سوال کر رہا ہے کہ کیا کروں کیا کروں ؟

(a) غم دل سے (b) وحشت دل سے

(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں (d) ان میں سے کوئی نہیں

(v) مصرع مکمل کیجیے :

..........................

یہ آسرا بھی چھوڑ دوں

(a) جی میں آتا ہے کہ اب (b) ہاں مناسب ہے

(c) ان کو پا سکتا ہوں میں (d) لوٹ کر واپس چلا جاؤں

www.careerindia.com

## حصّہ - ب

.3 درج ذیل میں سے کسی **ایک** عنوان پر دو سو الفاظ کا مضمون لکھیے : 10

(i) فیفا ورلڈ کپ انڈر 17

(ii) یوم آزادی

(iii) فضائی آلودگی

(iv) تعلیم کی اہمیت

.4 ہیلتھ افسر کے نام خط لکھ کر اپنے علاقے میں پھیلی ہوئی گندگی کے بارے میں بتائیے۔ اور ان سے کاروائی کرنے کی درخواست کیجیے۔ 5

**یا**

اپنی چھوٹی بہن کو خط لکھ کر امتحان کی اچھی طرح تیاری کرنے کے لیے چند ضروری ہدایات دیجیے۔

CAREERINDIA

.5 (i) اس جملے پر غور کیجیے :

بچے فٹ بال کھیل رہے ہیں۔ اس جملے میں زمانے کے لحاظ سے فعل کی کون سی قسم ہے ؟ لکھیے۔ 2

(ii) وہ کام جو گزرے ہوئے زمانے میں کیا گیا ہو اسے کون سا فعل کہتے ہیں ؟ دو مثالیں بھی لکھیے۔ 2

.6 درج ذیل جملوں میں سے فعل تلاش کر کے لکھیے۔ ان میں زمانے کے لحاظ سے فعل کی کون سی قسم ہے ؟ لکھیے۔ 4

(i) ہم کل شام کی گاڑی سے دہرہ دون جائیں گے

(ii) کل وسیم ہمارے گھر آئے گا

(iii) لڑکے فٹ بال کھیلیں گے

(iv) عورتیں گانا گائیں گی

.7 درج ذیل میں سے کسی دو کے مترادف الفاظ لکھیے : 2

سرسبز - قدر - غور - سیر

.8 درج ذیل میں سے کسی تین کے متضاد الفاظ لکھیے : 3

زمین - دوست - خاص - روشنی - اقرار - نزدیک

.9 درج ذیل واحد کے جمع اور جمع کے واحد لکھیے : 3

ٹوپی - ماہرین - اعداد - مضمون - سلطان - احسانات

.10 درج ذیل لفظوں سے مذکر کے مونث اور مونث کے مذکر لکھیے : 3

بہن - بیٹی - مرد - درزی - مور - ملازمہ

.11 (i) سابقہ ''خوش'' جوڑ کر دو الفاظ لکھیے۔ 2

(ii) لاحقہ ''دان'' جوڑ کر دو الفاظ لکھیے۔ 2



www.careerindia.com

CAREERINDIA

## حصہ - د

12. درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے : 7

ڈاکٹر امبیڈکر کا اصل نام بھیم راؤ سکپال تھا۔ وہ 14 اپریل 1891 کو مدھیہ پردیش کے قصبہ مہو میں پیدا ہوئے۔ ان کا تعلق مہاراشٹر کے مہار خاندان سے تھا۔ اس زمانے میں چھوت چھات کو وبا عام تھی۔ ڈاکٹر امبیڈکر کو بچپن ہی سے اس قسم کے بھید بھاؤ اور ناانصافی کا سامنا کرنا پڑا۔ ایک دفعہ وہ اسکول جا رہے تھے کہ بہت زور کی بارش ہوگئی۔ وہ ایک مکان کی دیوار کے سہارے کھڑا ہونا چاہتے تھے۔ مکان کی مالکہ نے انہیں ڈانٹا اور وہاں سے چلے جانے پر مجبور کر دیا۔ وہ نہیں چاہتی تھی کہ چھوٹی ذات کا کوئی فرد اس کے مکان کی دیوار کے پاس کھڑا رہے۔ ڈاکٹر امبیڈکر اپنے استادوں کا بے حد احترام کرتے تھے۔ ستارا کے ایک اسکول میں امبیڈکر نامی ایک استاد تھے جو ذات پات کی تفریق کو نہیں مانتے تھے۔ وہ سب کے ساتھ برابری کا سلوک کرتے تھے۔ وہ بھیم راؤ کو بہت چاہتے تھے۔ استاد اور شاگرد کا یہ رشتہ ایسا مضبوط ہوا کہ آگے چل کر وہ بھیم راؤ سکپال سے بھیم راؤ امبیڈکر بن گئے۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے ؟

(a) نئی روشنی (b) رضیہ سلطان

(c) اونٹ (d) ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر

(ii) ڈاکٹر امبیڈکر کا اصل نام کیا تھا ؟

(a) بھیم راؤ دیشپال (b) ڈاکٹر بھیم راؤ

(c) بھیم راؤ سکپال (d) ڈاکٹر پرساد

(iii) ڈاکٹر امبیڈکر کب پیدا ہوئے ؟

(a) 15 اپریل 1791 کو (b) 10 مئی 1891 کو

(c) 16 جنوری 1891 کو (d) 14 اپریل 1891 کو

(iv) ڈاکٹر امبیڈکر کو بچپن سے ہی کس کا سامنا کرنا پڑا ؟

(a) بھید بھاؤ (b) ناانصافیوں

(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں (d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(v) ڈاکٹر امبیڈکر اپنے استادوں کا ________۔

(a) بے حد احترام کرتے تھے　　(b) احترام نہیں کرتے تھے

(c) پیچھا کرتے تھے　　(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

(vi) ستارا کے اسکول میں امبیڈکر نامی استاد تھے، وہ ________

(a) ذات پات کی تفریق کونہیں مانتے تھے۔

(b) سب کے ساتھ برابری کا سلوک کرتے تھے۔

(c) بھیم راؤ کو بہت چاہتے تھے۔

(d) اوپر کے تینوں صحیح ہیں۔

(vii) استاد اور شاگرد کا رشتہ ایسا مضبوط ہوا کہ بھیم راؤ سکپال سے ________

(a) اعلیٰ افسر بھیم راؤ بن گئے۔　　(b) بھیم راؤ امبیڈکر بن گئے۔

(c) بھید بھاؤ کرنے والے بن گئے۔　　(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے۔

**یا**

محمود اور اس جیسے بچے ایک خاص تحریر کے ذریعے پڑھتے ہیں اسے بریل کہتے ہیں ......... ایک خاص آلے سے موٹے کاغذ پر حروف کو ابھارا جاتا ہے، جنھیں تھوڑی تربیت سے انگلی سے چھوکر پڑھ سکتے ہیں۔ بریل میں چھ نقطے ہوتے ہیں جن کو کئی طرح سے ملاکر حروف ابھارے جاتے ہیں ......... اس کی ایجاد کرنے والے فرانس کے 'لوئی بریل' تھے۔ وہ پیرس کے نزدیک کوپ برے نام کے قصبے میں جنوری 1809 میں پیدا ہوئے تھے۔ دو سال کی عمر میں ایک نوکیلا اوزار لگ جانے سے لوئی کی آنکھوں کی روشنی جاتی رہی مگر لوئی نے ہار نہیں مانی اور کسی نہ کسی طرح تعلیم حاصل کرنے میں لگے رہے۔ اپنی بیس سال کی محنت اور لگن سے انھوں نے اس تحریر کو ایجاد کیا جسے انھیں کے نام پر ''بریل'' تحریر کہا جاتا ہے۔ بچوں ! اس تحریر کو ایجاد کرکے لوئی نے نابینا لوگوں کے لیے تعلیم کا راستہ کھول دیا اور ان کی تاریک زندگی میں روشنی کی کرن بکھیر دی۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے ؟

(a) نئی روشنی　　(b) بے تکلفی

(c) قول کا پاس　　(d) پانی کی آلودگی

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(ii) 'بریل' میں کتنے نقطے ہوتے ہیں ؟

(a) آٹھ (b) دس

(c) چھ (d) چار

(iii) 'بریل' تحریر کس نے ایجاد کی ؟

(a) لوئی فلپس نے (b) لوئی بریل نے

(c) ہیملٹن نے (d) محمود نے

(iv) 'بریل' تحریر ایجاد کرنے والا کہاں کا رہنے والا تھا ؟

(a) فرانس (b) جاپان

(c) جرمنی (d) ہندوستان

(v) 'لوئی' کی آنکھوں کی روشنی نوکیلا اوزار لگنے سے کب جاتی رہی ؟

(a) چار سال کی عمر میں (b) دو سال کی عمر میں

(c) آٹھ سال کی عمر میں (d) پانچ سال کی عمر میں

(vi) آنکھوں کے بغیر 'بریل تحریر' کو کیسے پڑھا جاتا ہے ؟

(a) لکڑی کی سفید چھڑی سے (b) چھڑی سے چھوکر

(c) نوکیلے پتھر کی مدد سے (d) انگلی سے چھوکر

(vii) بریل تحریر کی ایجاد کرکے لوئی نے نابینا لوگوں کے لیے ________

(a) تعلیم کا راستہ کھول دیا (b) ان کی تاریک زندگی میں روشنی بکھیر دی

(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں (d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

13. درج ذیل میں سے کسی **ایک** سوال کا جواب لکھیے : 6

(i) سبق 'بے تکلفی' کا خلاصہ لکھیے۔

(ii) منشی پریم چند کی کہانی 'قول کا پاس' سے آپ کو کیا نصیحت ملتی ہے ؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

www.careerindia.com

14. درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے : $2 \times 2 = 4$

(i) آلودہ پانی کو پینے کے قابل کیسے بنایا جاتا ہے ؟

(ii) لین شو نے خدا کے نام خط میں کیا لکھا ؟

(iii) انٹرنٹ کس طرح کام کرتا ہے ؟

(iv) رضیہ سلطان کی خوبیاں کیا تھیں ؟

15. درج ذیل شعری حصے کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے : 5

تعریف اس خدا کی جس نے جہاں بنایا
کیسی زمیں بنائی، کیا آسماں بنایا
مٹی سے بیل بوٹے کیا خوش نما اُگائے
پہنا کے سبز خلعت ان کو جواں بنایا
سورج سے ہم نے پائی گرمی بھی روشنی بھی
کیا خوب چشمہ تو نے، اے مہرباں بنایا
یہ پیاری پیاری چڑیاں پھرتی ہیں جو چہکتی
قدرت نے تیری ان کو تسبیح خواں بنایا
رحمت سے تیری کیا کیا ہیں نعمتیں میسر
ان نعمتوں کا تجھ کو ہے قدرداں بنایا
ہر چیز سے ہے تیری کاری گری ٹپکتی
یہ کارخانہ تو نے کب رائیگاں بنایا

(i) درج بالا اشعار کے شاعر کا نام کیا ہے ؟

(a) نظیر اکبرآبادی
(b) اسمٰعیل میرٹھی
(c) غالبؔ
(d) میر تقی میرؔ

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(ii) شاعر نے سورج کو چشمہ کہا ہے کیونکہ یہ ہمیں ________

(a) گرمی دیتا ہے (b) روشنی دیتا ہے

(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں (d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

(iii) شاعر نے تسبیح خواں کس کو کہا ہے؟

(a) قدرت کی کاریگری کو (b) چہکتی ہوئی چڑیوں کو

(c) خاموش پرندوں کو (d) مٹی کے بیل بوٹوں کو

(iv) ''رائیگاں'' کا مطلب ہے

(a) بے کار (b) فضول

(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں (d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

(v) درج بالا اشعار میں شاعر کہنا چاہتا ہے کہ خدا نے انسان کو بہت سی نعمتیں عطا کی ہیں انسان کو ________

(a) ان کی قدر کرنا چاہیے۔ (b) ان پر گھمنڈ کرنا چاہیے۔

(c) ان کا کبھی شکر نہیں ادا کرنا چاہیے۔ (d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

**یا**

خون اپنا ہو یا پرایا ہو    نسل آدم کا خون ہے آخر
جنگ مشرق میں ہو کہ مغرب میں    امن عالم کا خون ہے آخر

بم گھروں پر گریں کہ سرحد پر    روح تعمیر زخم کھاتی ہے
کھیت اپنے جلیں کہ غیروں کے    زیست فاقوں سے تلملاتی ہے

ٹینک آگے بڑھیں کہ پیچھے ہٹیں    کوکھ دھرتی کی بانجھ ہوتی ہے
فتح کا جشن ہو کہ ہار کا سوگ    زندگی میتوں پر روتی ہے

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(i) درج بالا اشعار کس نظم سے لیے گئے ہیں ؟

(a) اے شریف انسانو ! (b) قدم بڑھاؤ دوستو

(c) نیکی اور بدی (d) پہاڑ اور گلہری

(ii) درج بالا اشعار کے شاعر کا نام کیا ہے ؟

(a) بشؔر نواز (b) اقبالؔ

(c) ساحؔر لدھیانوی (d) نظیؔر اکبرآبادی

(iii) ان اشعار میں شاعر نے اپنا، پرایا، مشرق، مغرب، الفاظ استعمال کیے ہیں۔ وہ ہیں

(a) متضاد الفاظ (b) مترادف الفاظ

(c) مرکب الفاظ (d) اوپر کے تینوں صحیح ہیں

(iv) ٹینک آگے بڑھیں کے پیچھے ہٹیں نتیجہ کیا ہوتا ہے ؟

(a) زمین سرسبز وشاداب ہوتی ہے (b) کوکھ دھرتی کی بانجھ ہوتی ہے

(c) زمین پر پھول ہی پھول ہوتے ہیں (d) زمین پر خوب کھیتی ہوتی ہے

(v) شاعر کے نزدیک جنگ کا نتیجہ کیا ہوتا ہے ؟

(a) جنگ سے بربادی اور تباہی کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

(b) جنگ انسانی ترقی اور خوش حالی کی دشمن ہے۔

(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں۔

(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

16. درج ذیل میں سے کسی **ایک** سوال کا جواب لکھیے : 6

(i) میؔر تقی میر کی شاعری کی خصوصیات لکھیے۔

(ii) نظم 'نیکی اور بدی' میں شاعر نے کیا پیغام دیا ہے ؟

www.careerindia.com

CAREERINDIA

17. درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے :　　　　$2 \times 2 = 4$

(i) ''جو ظرف کہ خالی ہے صدا دیتا ہے''

خالی ظرف کے صدا دینے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ شاعر کا نام بھی لکھیے ۔

(ii) گلہری نے پہاڑ کو کیا جواب دیا؟ نظم کا نام اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۔

(iii) نازاں نہ ہو خرد پہ، جو ہونا ہے ہو وہی

دانش تری، نہ کچھ مری دانش وری چلے

اس شعر کا مفہوم بیان کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۔

(iv) شعر مکمل کیجیے :

کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں، انصاف اور عدل پرستی ہے

..............................................................

نظم کا نام اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۔

www.careerindia.com